(13)

IN THE SUPREME COURT OF PAKISTAN
(ORIGINAL JURISDICTION)

PRESENT:
Mr. Justice Iftikhar Muhammad Chaudhry, CJ.

Human Rights Case No.2645 of 2007
(Complaint of Muhammad Asghar)

Attendance:
Ch. Khadim Hussain Qaiser, Addl. A.G. Pb.
Mr. Tariq Hanif Joeya, DPO, Attock
Applicant in person

Date of hearing: 1.10.2007

ORDER

Mr. Tariq Hanif Joeya, DPO Attock appeared and stated that complainant is satisfied that his son Ghulam Shabbir was not murdered but he has committed suicide. It is informed that five investigations were conducted in this behalf and ultimately conclusion was drawn that it is not a case of murder but suicide.

In view of the facts narrated hereinabove and satisfaction which has been expressed by the complainant, I think that there is no necessity to proceed further with the matter.

Disposed of.

Islamabad, the
1st October, 2007.
Nisar/*

بخدمت جناب چیف جسٹس صاحب پاکستان سپریم کورٹ اسلام آباد

2645/07

P
SECY TO HCJ
Dy. No 23
Date 12/1

درخواست برائے حصول انصاف برخلاف ملزمان زیر دفعہ 302 ت پ / 34

جناب عالی گزارش ہے کہ فدوی محمد اصغر ولد خان محمد [illegible]

شناختی کارڈ نمبر 37405-0229288-5

3/7/2007

JA II

آپ سے التماس ہے کہ فدوی نہایت غریب آدمی ہے۔ فدوی نے انصاف کی خاطر جناب صدر صاحب، جناب وزیر اعظم صاحب، وزیر اعلیٰ پنجاب، ڈائریکٹر جنرل محمد رشید [illegible] صاحب، [illegible] صاحب راولپنڈی، جناب وفاقی محتسب اعلیٰ [illegible] پاکستان ان سب حضرات کو حصول انصاف کی درخواستیں بھیجی تھیں لیکن ابھی تک کہیں سے مجھے انصاف نہیں ملا۔ اب فدوی مجبور ہو کر آپ کو درخواست پیش کر رہا ہوں کہ فدوی کے بیٹے کو [illegible] سے ان لوگوں نے قتل کیا ہے۔ اور اس قتل کے بارے کوئی فیصلہ نہیں ہو سکا۔ اور [illegible] والوں نے [illegible] ہیں۔ اور نہ ملزمان گرفتار ہو سکے۔ برائے مہربانی مجھے [illegible] کو انصاف فرمائیں۔

آپکی عین نوازش ہو گی

برائے مہربانی ان ملزمان کے خلاف کاروائی فرمائیں

ملزمان۔

1. [illegible]
2. [illegible]
3. [illegible]
4. [illegible]
5. [illegible]
6. [illegible]

فدوی محمد اصغر محلہ بابا مہدی شاہ

بستی سید خادم ضلع جہلم

15-01-2007

بخدمت جناب وزیر اعظم پاکستان صاحب عزت اسلام آباد

جناب عالی!

عنوان: درخواست برائے فراہمی عدل و انصاف

برخلاف ملزمان زیر دفعہ $\frac{302}{34}$ ت پ

جناب وزیر اعظم پاکستان شوکت عزیز صاحب واجب الاحترام سائل ایک غریب شخص ہے اور آپ کو وزیر اعظم پاکستان منتخب ہونے پر مبارک باد پیش کرتا ہے اور امید کرتا ہے کہ ایک مخلص اور محب وطن پاکستانی ہیں اور غریب پرور ہیں اور پوری قوم کو آپ پر فخر ہے۔ امید ہے کہ آپ ضلع اٹک کے بدمعاش اور سرکردہ غنڈوں کی من مانیاں اور اجارہ داریوں کو ختم کر کے غریبوں کو انصاف دلائیں گے۔

سائل حسب ذیل عرض گزار ہے

یہ کہ سائل موضع کسراں تحصیل پنڈی گھیب ضلع اٹک کا رہائشی و سکنہ ہے

یہ کہ مورخہ 58/2003 کو تقریباً 9 بجے رات الزام علیہم نے مسلح مشورہ ہو کر سائل کے بیٹے حافظ غلام شبیر ولد محمد اصغر ساکن کسراں تحصیل پنڈی گھیب ضلع اٹک کو انتہائی بے دردی سے قتل کر دیا۔

الزام علیہم جن کے نام حسب ذیل ہیں

① سردار نثار ولد محمد امین ② یاسمین بی بی دختر غلام حیدر ③ منظور بی بی زوجہ غلام حیدر ④ غلام حیدر ولد خان عباس۔

یہ کہ سائل نے پولیس تھانہ بسال ضلع اٹک برخلاف الزام علیہم کو درخواست دی تھی لیکن پولیس جو کہ ملزمان سے پہلے ساز باز کر چکی تھی۔ پولیس نے الزام علیہم کو گرفتار نہ کیا اور نہ ہی ان کے خلاف کوئی قانونی کارروائی کرتے ہوئے FIR درج کی یہ کہ سائل نے اس سے قبل وزیر اعظم۔ وزیر اعلیٰ اور صدر پرویز مشرف کے تمام درخواستیں دیں۔ لیکن ان پر کوئی عمل نہ ہوا۔ ملزمان سینہ زور اور اثر و رسوخ والے ہیں جنہوں نے سائل کے بیٹے کو بے دردی سے قتل کیا اور اب سائل کو بھی قتل کرنے کی دھمکیاں دے رہے ہیں ملزمان کے خلاف کئی اخبارات میں خبریں چھپی ہیں اخبارات کے تراشے لف ہیں

یہ یاسمین بی بی جو کہ مقتول کی بیوی تھی جس نے سردار نثار سے مل کر زبردستی طلاق کی درخواست کے ساتھ لف ہے۔ جناب والا سائل کے بیٹے کا پوسٹ مارٹم ڈاکٹر خٹک نے کیا اور وہ بھی مخالفت کے آگے بک گیا اور ٹھیک رپورٹ نہ دی میرے کو متعلق کچھ نہ بتایا۔

سائل ایک عمر رسیدہ اور مظلوم شخص ہے اور سائل کو اور سائل کے فیملی کو سخت جانی خطرہ ہے۔ سائل کو اور سائل کے خاندان کو جانی تحفظ دلایا جائے

العارض

سائل محمد اصغر ولد خان عباس سکنہ کسراں تھانہ بسال تحصیل پنڈی گھیب ضلع اٹک

آج مورخہ 19-8-2004

[illegible]

No. Coord / CMS /04/OT-45/....1564
CHIEF MINISTER'S SECRETARIAT
PUNJAB

Dated 5 July ,2004.

From

Muhammad Izhar Khan,
Coordinator to Chief Minister, Punjab
Punjab House, Islamabad.
Tele No. 051-9222865
Fax No. 051-9222261

To

The Senior Superintendent of Police,
Attock.

Subject:- REGISTRATION OF CASE AGAINST MST. YASMIN BIBI D/O GHULAM HAIDER, MR ZAFAR MEHMOOD, MST. MAZHAR, M/S GHULAM HAIDER AND AZAL.

Dear Sir,

A copy of application dated. 31.5.2004, of Mr. Muhammad Asghar, for registration of case against Mst. Yasmin Mr. Zafar Mehmood. Mst. Manzar Bibi. M/S Ghulam Haider and Azal is enclosed. The applicant has stated that his son Hafiz Ghulam Shabbir was murdered on 21.8.2003. But, the culprits have not yet been apprehended. Instead, he is receiving threats from the culprits. The applicant has requested that the culprits may be apprehended and justice be dispensed to him. I shall be grateful if you kindly look into the matter personally and redress the grievances of the applicant under the law.

With regards.

Yours sincerely,

MUHAMMAD IZHAR KHAN

Received Copy

بخدمت جناب ڈائریکٹر جنرل محمد راشد قریشی صاحب

درخواست بمراد کیلئے جانے دادرسی و قانونی کاروائی برخلاف ملزمان زیر دفعہ 302/34ت پ ضابطہ فوجداری اور انصاف دلائے جانے سائل۔

جناب عالی!

سائل حسب ذیل عرض پرداز ہے۔

ا۔ یہ کہ سائل موضع کسراں تحصیل پنڈی گھیب ضلع اٹک کا رہائشی وسکونتی ہے۔

۲۔ یہ کہ مورخہ 21-08-2003 کو تقریباً نو بجے رات الزام علیہ نے صلاح مشورہ ہو کر سائل کے بیٹے حافظ غلام شبیر ولد محمد اصغر ساکن کسراں تحصیل پنڈی گھیب ضلع اٹک کو انتہائی بیدردی سے قتل کر دیا۔

۳۔ الزام علیہ جن کے نام حسب ذیل ہیں۔

i۔ سردار ظفر ولد محمد امین

ii۔ یاسمین بی بی دختر غلام حیدر

iii۔ منظر بی بی زوجہ غلام حیدر

iv۔ غلام حیدر ولد خان عباسی

۴۔ یہ کہ سائل نے پولیس تھانہ بسال ضلع اٹک برخلاف الزام علیہ کو درخواست دی تھی۔ لیکن پولیس جو کہ ملزمان سے پہلے ہی ساز باز کر چکی تھی پولیس نے الزام علیہ کو گرفتار نہ کیا اور نہ ہی ان کے خلاف کوئی قانونی کاروائی کرتے ہوئے FIR درج کی۔ اور ظلم کی انتہا کہ ڈاکٹر یوسف جس نے مقتول کا پوسٹ مارٹم کیا تھا وہ بھی ملزمان کے اشاروں پر چل رہا ہے اور ان کی ہدایت کے مطابق رپورٹ تیار کی۔

۵۔ یہ کہ سائل نے اس کے قبل وزیر اعظم، صدر پاکستان، وزیر اعلی، گورنمٹ پنجاب، وفاقی محتسب سیکٹریٹ، جماعت اسلامی قاضی حسین احمد و مولانہ فضل الرحمان اور علاقہ کے ناظم و ضلعی ناظم کو

درخواستیں دیں لیکن ان پر کوئی عمل نہ ہوا۔

۶۔ یہ کہ الزام علیہ جو کہ انتہائی سینہ زور اور با اثر اور اسوخ والے لوگ ہیں۔جنھوں نے نہ صرف سائل کے بیٹے کو بے دردی سے قتل کیا بلکہ اب مقتول کے والد (سائل) کو بھی دھمکیاں دے رہے ہیں کہ اگر سائل نے ان کے خلاف کوئی درخواست دی تو اسے بھی قتل کر دیا جائے گا۔

۷۔ یہ کہ الزام علیہ نے خلاف مختلف اخبارات میں بھی خبریں بھی لکھی گئی ہیں اور نمائندہ خبریں اخبارات، رسالت عباسی جس نے ایک اداریہ بھی اخبار میں تحریر کیا ہے۔ جو کہ درخواست کے ساتھ لف ہے۔

۸۔ یہ کہ یاسمین بھی بی بی جو کہ مقتول حافظ غلام شبیر کی بیوی تھی۔جس نے ملزامان علیہ مذکور سے مل کر زبردستی گن پوائنٹ پر طلاق لی تھی۔جس کا چشم دید گواہ محمد رفیق ولد محمد صادق سکنہ کسراں تحصیل پنڈی گھیب ضلع اٹک ہے۔کیونکہ حافظ غلام شبیر نے اس طلاق کا پورا واقعہ محمد رفیق مذکور کو سنایا جس پر محمد رفیق نے یہ کہا کہ میں مسجد میں لوگوں سے اس بات کا ذکر کروں گا۔لیکن ملزامان علیہ نے اس سے پہلے میرے بیٹے حافظ غلام شبیر کو قتل کر دیا۔اور اب یہ ظالم لوگ دھمکیاں دے رہے ہیں کہ اگر سائل نے ان کے خلاف کوئی درخواست دی تو اسکو بھی قتل کر دیا جائے گا جیسے کہ سائل کے بیٹے کو قتل کیا گیا تھا اور تم اور تمہارا خاندان کچھ نہ بگاڑ سکے گا۔اور اس دھمکیوں کے ساتھ ساتھ یاسمین بی بی ملزماں علیہ کے ساتھ مل کر سائل کو ہراساں و دماغی پریشانی دینے کے لیئے مختلف دعوے بھی کر رہی ہے۔

اندریں حالات بالا استدعا ہے کہ سائل ایک عمر رسیدہ اور مظلوم شخص ہے۔سائل کو انصاف دلایا جائے اور ملزمان کے خلاف قانونی کاروائی بھی کی جائے اور ڈاکٹر یوسف جو کہ ملزمان کے ساتھ ملا ہوا ہے اسکے خلاف بھی قانونی کاروائی کی جائے۔اور ان سب کو گرفتار کیا جائے اور قرار واقعی سزا دی جاوے۔

سائل تاعمر آپ کا شکر گزار اور آپ کی لمبی عمر کے لیئے دعا گو رہے گا۔

الـــــــــــــــعـــــــــــــــارض

سائل محمد اصغر ولد خان عباس

سکنہ موضع کسراں تحصیل پنڈی گھیب ضلع اٹک

حال ایڈریس محلہ بابا منیری [illegible] تحصیل و ضلع جہلم

[illegible] مسجد درس خادم

محمد اصغر [illegible]

ڈی۔ آئی۔ جی

بخدمت جناب ~~ایس ایس پی~~ صاحب راولپنڈی

جناب عالی!

مؤدبانہ گزارش ہے کہ فدوی محمد اختر ولد قادر عباس ساکن گاؤں گھمراں تحصیل و ضلع اٹک حسب ذیل عرض پرداز ہے:-

1- یہ کہ فدوی کا جوان بیٹا حافظ غلام شبیر مورخہ 21-08-08 کو مسمی غلام حیدر ولد قادر عباس، (۲) مسمات صغراں بی بی زوجہ غلام حیدر و مسمات یاسمین دختر غلام حیدر وغیرہ نے نہایت بے دردی سے قتل کر دیا تھا۔

2- یہ کہ اس واردات کا پرچہ درج ہو چکا تھا تھانہ [illegible] تحصیل فتح جنگ ضلع اٹک میں درج ہے وقت کارروائی نہیں کی پولیس نے نہ تو (F.I.R) درج کی اور نہ ہی کوئی کوشش کیا۔ چونکہ ملزمان با اثر و رسوخ اور امیر لوگ ہیں اور جگہ کی پولیس کیساتھ ان کی ملی بھگت ہے

3- یہ کہ فدوی چونکہ نہ تو با اثر و رسوخ ہے اور نہ ہی پاس پولیس کو دینے کے لیے پاس پیسے ہیں۔ جس وجہ سے مجھے انصاف نہیں مل سکا۔

لہٰذا عرض ہے کہ فدوی نے ڈی آئی جی صاحب کو بھی درخواست دی تھی جس پر انکوائری کی گئی جس میں کوئی کارروائی نہ ہوئی۔

لہٰذا مجبور ہو کر جناب والا سے استدعا ہے کہ مہربانی کر کے فدوی کو انصاف دلوایا جائے کیونکہ پولیس تھانہ [illegible] کوئی کارروائی نہیں کرتے اور F.I.R درج نہیں کرتے۔ جناب کی عین نوازش ہوگی۔

العارض

فدوی محمد اختر ولد قادر عباس ساکن گاؤں گھمراں تحصیل و ضلع اٹک

مورخہ 17-02

6-11-03

محمد صفدر
سکنہ کسراں تحصیل جنڈ۔

بعدالت جناب محمد علی صاحب مجسٹریٹ دفعہ 30 جنڈ
جوڈیشل مجسٹریٹ جنڈ۔ ضلع اٹک

درخواست برائے حکم بابت عطا کیے جانے حسب ضابطہ ڈاکٹری رپورٹ بابت مقتول غلام شبیر ولد محمد صفدر سکنہ کسراں تحصیل پنڈی گھیب ضلع اٹک از ان تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال جنڈ۔

جناب عالی۔ سائل حسب ذیل عرض کرتا ہے۔

یہ کہ سائل مظہر کا بیٹا غلام شبیر مذکور مورخہ 22/08/03 کو موضع کسراں میں قتل ہوا جو کہ ڈاکٹری ملاحظہ کیلئے تحصیل ہیڈ کوارٹر جنڈ بذریعہ پولیس تھانہ لاوہ نے برائے پوسٹ مارٹم رپورٹ دیا گیا جسکی تمام رپورٹس ماسوائے پوسٹ مارٹم و کیمیکل ایگزامینیشن رپورٹس تا حال عطا نہ کی گئی ہیں جسکی وجہ سے تا حال علاقہ کی پولیس نے مندرجہ بالا کسی واقعہ کے بارے میں کوئی پیش رفت نہ کی ہے جبکہ کل مورخہ 7/11/2003 کو بمقام ڈی۔آئی۔جی آفس راولپنڈی میں سائل مظہر نے رپورٹ ہائے مندرجہ بالا بابت انکوائری پیش کرنی ہے جس کیلئے جناب سے گذارش ہے کہ میڈیکل آفیسر تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال جنڈ کو حکم دیا جاوے کہ وہ سائل مظہر کو رپورٹس ہائے مذکورہ کی حسب ضابطہ نقول عطا فرمائے

العارض 6-11-2003

محمد صفدر ولد خدا بخش قوم اعوان سکنہ کسراں تحصیل پنڈی گھیب / جنڈ ضلع اٹک

نشان انگوٹھا محمد صفدر

M.S is directed to provide copy

M.O. Dr. Zafar Iqbal THQ Jand is directed to hand copy

6/11/[illegible]